سوال

(471) کلمہ طیبہ کے الفاظ کا ثبوت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا کسی حدیث میں پورا کلمہ لاإلہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ذکر ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کلمہ طیبہ لاإلہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے بعینہ الفاظ یکجا احادیث میں کہیں درج نہیں۔ اصل میں یہ اشھد أن لاإلہ إلا اللہ وأشھد أن محمد عبدہ ورسولہ کا مخفف ہے کہ جس میں اللہ کے ایک ہونے اور محمد ﷺ کے رسول ہونے کا پورا ذکر ہے۔

احادیث میں لاإلہ کے الفاظ وارد ہیں جیسا کہ حضرت ابوہریرۃؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

"أمرت أن أقاتل حتی یقولوا لاإلہ إلا اللہ فإذا قالوا لاإلہ إلا اللہ فقد عصموا من اموالھم وانفسھم" (المعجم الاوسط: 6 215)

''میں حکم دیا گیا ہوں کہ اس وقت تک لڑائی کرتا رہوں جب تک لوگ لاإلہ الا اللہ نہ کہہ دیں جب وہ لاإلہ الا اللہ کہہ دیں تو انہوں نے مجھ سے اپنی جانوں اور مالوں کو محفوظ کرلیا۔''

نبی ﷺ اس حدیث میں بھی انہیں کلمہ کے توحید والے حصے کے اقرار کی بات کر رہے ہیں اور ان کے الفاظ لاإلہ الا اللہ کے ہیں۔ اس طرح اگر کوئی اشھد أن لاإلہ کی جگہ پر لاإلہ الا اللہ محمد رسول اللہ استعمال کرتا ہے تو اس میں کلمہ کا پورا مقصود اور معانی بیان ہوجاتا ہے اور اس کے جواز کی درج ذیل وجوہ ہیں:

1۔ کسی بھی زبان میں جمع کی ادائیگی کے وقت کچھ الفاظ مستور اور محذوف کئے جاتے ہیں اور عربی میں بھی اس کی لاتعداد مثالیں موجود ہیں جیسے بسم اللہ الرحمن الرحیم کا ترجمہ ''میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے'' جبکہ اس عربی عبارت میں ''میں شروع کرتا ہوں'' کی کوئی عربی نہیں لہٰذا لامحالہ شروع میں أبتدا یا أشرع کے الفاظ محذوف نکالنے پڑتے ہیں۔

اسی طرح لاإله إلا الله محمد رسول الله میں (أشهد أن) لاإله إلا الله (وأشهد أن) محمد رسول الله۔

خط کشیدہ الفاظ محذوف کردیئے جاتے ہیں جو قاری اور متکلم کے ذہن میں موجود ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس کا استعمال خود قرآن نے کیا اور احادیث میں جیسا کہ اوپر حدیث گزر چکی ہے اس میں بھی محذوف حکم موجود ہے جو لفظوں میں موجود نہیں۔ اس لیے صرف لاإله إلا الله محمد رسول الله کے الفاظ ادا کئے جا سکتے ہیں۔ ہاں نماز میں التحیات میں یہ الفاظ بعینہ پڑھنا ضروری ہیں کیونکہ نماز میں ادا کئے گئے الفاظ مقررہ ہیں ان میں کہیں زیادتی یا کمی نہیں کی جا سکتی۔

2۔ لاإله إلا الله کے مخفف ہونے اور اس کے کلمہ کی جگہ پر استعمال پر اہل علم کا اجماع ہے اہل علم کا اس پر اجماع ہے کسی سے کوئی نکیر ثابت نہیں لہٰذا اس کا استعمال مشروع ہے۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ ارکان اسلام

حج کے مسائل